# سبق: دیہاتی اور شہری زندگی کا فرق

سوال- خالی جگہ کو خط کشیدہ لفظوں کے متضاد کی مدد سے پُر کریں-

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غریبوں | آہستہ | شہری | مصروف | باسی |
| اندھیرا | میزبان | پختہ | دیر | تنگ |

۱- مہمان نے ______ کا شکریہ ادا کیا-

۲- میں فارغ ہوں جب کہ میری بہن کام میں ______ ہے-

۳- وہ رات کو جلدی نہیں سویا، اس لیے وہ صبح ______ سے اُٹھا-

۴- دیہاتی اور ______ زندگی میں بہت فرق ہے-

۵- تازہ روٹی کھاؤ، ______ روٹی کھانے سے پیٹ میں درد ہو سکتا ہے-

۶- امیروں کو ______ کا خیال رکھنا چاہیے-

۷- ابھی سُورج کی روشنی ہے لیکن تھوڑی دیر میں ______ چھا جائے گا-

۸- دیہاتی کُھلے گھروں میں رہتے ہیں جب کہ شہروں میں عام طور پر لوگوں کے گھر ______ ہوتے ہیں-

۹- آگے اسکول ہے، گاڑی کو تیز چلانا مناسب نہیں، اس کی رفتار ______ کر دو-

۱۰- کبھی دیہات میں کچّے مکان ہوتے تھے، اب تو ہر طرف ______ مکان دکھائی دیتے ہیں-

LIVEWORKSHEETS